# سندھ ایکٹ نمبرIIمجریہ ۲۰۰۳

# SINDH ACT NO.II OF 2003

# نذیر حسین یونیورسٹی ایکٹ، ۲۰۰۳

# THE NAZEER HUSSAIN UNIVERSITY ACT, 2003

(CONTENTS)فہرست


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ ہیئیت

Incorporation

۴۔ یونیورسٹی کے اختیار اور کام

Powers and functions of the University

۵۔ یونیورسٹی کے عملدار

Officers of the University

٦۔ سرپرست کی طرف سے معائنہ

The Patron Visitation

۷۔ چانسلر

The Chancellor

۸۔ وائس چانسلر

Vice Chancellor

۹۔ وائس چانسیلر کے اختیارات اور ذمیداریاں

Powers and duties of the Vice Chancellor

۱۰۔ رجسٹرار

Registrar

۱۱۔ ڈائریکٹر آف فنانس

Director of Finance

۱۲۔ ناظم امتحانات

Controller of Examinations
۱۳۔ ریذیڈنٹ آڈیٹر
Resident Auditor
۱۴۔ ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈیولپمینٹ
The Director of Planning and Development
۱۵۔ اتھارٹیز
Authorities
۱۶۔ بورڈ آف گورنرس
Board of Governors
۱۷۔ بورڈ کے اختیارات اور ذمیداریاں
Powers and duties of the Board
۱۸۔ بورڈ کی میٹنگ
Meeting of the Board
۱۹۔ اکیڈمک کاؤنسل
Academic Council
۲۰۔ اکیڈمک کائونسل کے اختیار اور فرائض
Powers and duties of the Academic Council
۲۱۔ قوانین
Statutes
۲۲۔ ضوابط
Regulations
۲۳۔ قوانین اور ضوابط کی ترمیم اور منسوخی
Amendment and repeal of statutes and regulations
۲۴۔ الحاق
Affiliation
۲۵۔ یونیورسٹی فنڈ، آڈٹ اور اکاؤنٹس
The University Fund, Audit and Accounts
۲۶۔ ملازمت سے رٹائرمنٹ
Retirement from Services
۲۷۔ پینشن، انشورنس، گریجوئٹی، پرووِیڈنٹ اور بینوولینٹ فنڈ
Pension, insurance, gratuity, provident and benevolent fund
۲۸۔ اتھارٹیز کے میمبرز کے عہدے کی مدت کی شروعات
Commencement of term of office of members of Authorities

۲۹۔ اتھارٹیز میں عبوری آسامیوں پر بھرتی
Filling of casual vacancies in authorities
۳۰۔ اتھارٹیز کی ممبرشپس کے متعلق تنازعہ
Disputes about memberships of authorities
۳۱۔ دیگر اتھارٹیز کی تشکیل، کام اور اختیارات
Constitution, Functions and powers of other Authorities
۳۲۔ اتھارٹی کی طرف سے کمیٹی کی تقرری
Appointment of Committee by the Authority
۳۳۔ پہلا قانون
First Statute
۳۴۔ رکاوٹیں ہٹانا
Removal of difficulties
۳۵۔ اتھارٹیز کی کارروایاں آسامیوں کی وجہ سے غیر موثر نہیں ہوں گی
Proceedings of Authorities not invalidated by vacancies
۳٦۔ کاروائی پر پابندی
Bar of jurisdiction
۳۷۔ ضمانت
Indemnity
۳۸۔ فیکلٹیز
Faculties
۳۹۔ فیکلٹی کا بورڈ
The Board of Faculty
۴۰۔ ڈینس
Deans
۴۱۔ تدریسی شعبہ
Teaching Department
۴۲۔ بورڈ آف اسٹڈیز
Board of Studies
۴۳۔ اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کا بورڈ
The Board of Advance Studies and Research
۴۴۔ سلیکشن بورڈ
The Selection Board
۴۵۔ مالیات اور منصوبابندی کمیٹی

The Finance and Planning Committee
۴۶۔ الحاق کمیٹی
Affiliation Committee
۴۷۔ ڈسیپلین کمیٹی اور اس کے کام
Discipline Committee

# سندھ ایکٹ نمبرIIمجریہ ۲۰۰۳
# SINDH ACT NO.II OF 2003
# نذیر حسین یونیورسٹی ایکٹ، ۲۰۰۳
# THE NAZEER HUSSAIN UNIVERSITY ACT, 2003

[۳۰ مئی ۲۰۰۳]

ایکٹ جس کی توسط سے کراچی میں نذیر حسین یونیورسٹی قائم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ کراچی میں نذیر حسین یونیورسٹی کا قیام اور اس سے متعلقہ معاملات کے لیئے اقدامات اٹھانا مقصود ہیں؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (1) اس ایکٹ کو نذیر حسین یونیورسٹی ایکٹ، ۲۰۰۳ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہوگا ۔

تعریف
Definitions

۲۔ اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک :

(i)"اکیڈمک کاؤنسل" سے مراد یونیورسٹی کی

اکیڈمک کاؤنسل ؛
(ii) "اتھارٹی" سے مراد دفعہ ۱۵ مطابق بیان کردہ یونیورسٹی کی اتھارٹیز میں سے ایک؛
(iii)"بورڈ" سے مراد یونیورسٹی کا بورڈ آف گورنرس؛
(iv)"چیئرمین"سے مراد تدریسی شعبے کا چیئرمین؛
(v)"چانسلر" سے مراد یونیورسٹی کا چانسلر ؛
(vi) "تشکیل دیا گیا ادارہ یا کالج" سے مراد ایسا ادارہ یا کالج جو یونیورسٹی کی دیکھ بھال اور زیر انتظام ہو؛
(vii)"ڈین" سے مراد اساتذہ کے عملے والے بورڈ کا ہیڈ؛
(viii)"ڈائریکٹر"سے مراد تدریسی یا انتظامی ڈویژن یا ادارے کا ہیڈ؛
(ix)"فیکلٹی"سے میراد یونیورسٹی کی فیکلٹی؛
(x)"ٹرسٹ" سے مراد "خدمت خلق فاؤنڈیشن"؛
(xi)"حکومت" سے مراد سندھ حکومت؛
(xii)"بیان کردہ"سے مراد قوانین، ضوابط اور قواعد میں بیان کردہ؛
(xiii) "پروفیسر امیریٹس" سے مراد ایک رٹائرڈ پروفیسر جو یونیورسٹی میں اعزازی طور پر کام کر رہا ہو ؛
(xiv) " قانون، ضوابط اور قواعد"سے مراد اس ایکٹ تحت ترتیب وار بنائے گئے قانون، ضوابط اور قواعد۔

هیئیت
Incorporation

(xv) "تدریسی شعبہ"سے مراد یونیورسٹی کا تدریسی شعبہ؛
(xvi)"استاد" سے مراد کل وقتی استاد جیسا کہ پروفیسر ، ایسوسیئیٹ پروفیسر، اسسٹنٹ پروفیسر اور لیکچرر اور ایسے دوسرے لوگ جو استاد کی حیثیت سے واضح کیئے گئے ہوں؛
(xvii)"یونیورسٹی" سے مراد نذیر حسین یونیورسٹی؛ اور

(xviii)"وائیس چانسلر"سے مراد یونیورسٹی کا وائس چانسلر؛
(xix) "کالج" سے مراد ایک کالج اور جس میں شامل ہیں عام، ٹیکنیکل پروفیشنل تعلیم یا دوسری اعلیٰ تعلیم اور ایسے دوسرے مضامین میں تعلیم دینے والے ادارے، جیسے بیان کیا گیا ہو۔

**باب -II**

**یونیورسٹی**

۳۔ (1) حیدرآباد میں ایک یونیورسٹی قائم کی جائے گی، جسے نذیر حسین یونیورسٹی کہا جائے گا، جو چانسلر ، وائس چانسلر، ڈین، چیئرمین اور بورڈ کے اراکین، اکیڈمک کاؤنسل کےارکان اور ایسے دوسرے عملداروں پر مشتمل ہوگی جیسا کہ بیان کیا گیا ہو۔

یونیورسٹی کے اختیار اور کام
Powers and functions of the University

(2) یونیورسٹی نذیر حسین یونیورسٹی، کے نام سے ایک باڈی کارپوریٹ ہوگی، جس کی مالکی، دیکھ بھال اور انتظام ٹرسٹ کے حوالے ہوں گے، اور اس کو حقیقی وراثت اور عام مہر ہوگی، جو مذکورہ نام سے کیس کر سکے گی اور اس پر کیس ہو سکتا ہے۔
(۳) یونیورسٹی دونوں اقسام کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد، کی لیز، فروخت اور دوسری صورت میں مکسی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد کی منتقلی کے لیئے مجاز ہوگی، جو اس میں شامل ہوگی یا اس نے حاصل کی ہوگی۔
(۴) یونیورسٹی تمام افراد کے لئے کھلی ہوگی، چاہے ان کا تعلق کسی بھی جنس، کسی بھی مذہب، نسل، طبقے ، رنگ یا ڈومیسائل سے ہو، جو یونیورسٹی کی طرف سے پڑھائے جانے والے کورسز میں داخلا کے اہل ہوں اور ایسے کسی بھی شخص کو فقط جنس، مذہب، طبقے، نسل، رنگ یا ڈومیسائل کی بنیاد پر سولیات سے انکار نہیں کیا جائے گا۔
(۵)یونیورسٹی کیمپس، الحاق شدہ کالیجوں یا اداورں اور کانسٹیٹونٹ اداروں میں اپنی طرف سے بنائے گئے ضابطہ اخلاق قرآن اور حضور صہ کی سنت

کے بنیادی اصولوں اور رہنمائی کے تحت ہوں گے۔
(۶)یونیورسٹی کراچی ڈویزن کے علاوہ صوبہ سندھ میں کیمپس/کیمپسز قائم کرنے کے لیئے ضروری اقدام لی سکتی ہے۔
بشرطیکہ حکومت کی ہدایت کے تحت جیسے وقتاً فوقتاً جاری کی جائے۔

یونیورسٹی کے عملدار

۴۔ یونیورسٹی کو اختیارات حاصل ہوں گے:
(i)تربیت کی ایسی شاخوں میں تدریس تربیت فراہم کرنا، جیسے وہ مناسب سمجھے، اور معلوہات میں اضافہ اور ترقی کے لیئے گنجائشیں بنانا جیسے وہ طے کرے؛
(ii) تدریس کے کورس اور نصاب بیان کرنا؛
(iii)شاگردوں کو داخلہ دینا اور امتحان لینا اور ان کو ڈگریز ، ڈپلوماز سرٹیفکیٹس اور دوسرے تعلیمی اعزاز دینا جن کو بیان کئی گئی شرائط کے مطابق امتحان پاس کیا گیا ہو؛
(iv) بیان کئے گئے طریقہ کار کے مطابق منظور کئے گئے افراد کو اعزازی ڈگریاں یا اعزاز دینا؛
(v) تعلیمی اداروں کو بیان کردہ شرائط کے تحت الحاق کرنا اور علحدہ کرنا؛
(vi)فیکلٹیز، تدریسی شعبے، تحقیقی ادارے اور دوسرے تربیتی مراکز قائم کرنا اور تدریسی، فنی تربیت اور تحقیق کے متعلق دوسری سہولیات مہیا کرنا اور تعاون کرنا؛
(vii) الحاق شدہ یا الحاق کے خواہشمند کالجوں اور دیگر تعلیمی اداروں کی جانچ پڑتال کرنا؛
(viii) دوسری یونیورسٹیز اور پبلک اتھارٹیز سے ایسے معاملے اور ایسے مقاصد کے لیئے تعاون کرنا، جیسے وہ طے کرے؛
(ix) پروفیسرشپس، ایسوسی ایٹ پروفیسرشپس، اسسٹنٹ پرورفیسرشپس اور لیکچرر شپس اور دوسری آسامیاں پیدا کرنا اور افراد مقرر کرنا جیسے بیان کیا گیا ہو؛

| | |
|---|---|
| Officers of the University<br><br>سرپرست کی طرف سے معائنہ<br>The Patron Visitation | (x) تحقیق، ترقی، انتظامی اور دیگر متعلقہ مقاصد کے لیئے آسامیاں پیدا کرنا اور اس سلسلے میں افراد مقرر کرنا؛<br>(xi) فیلوشپس، اسکالر شپس، اگیزیبیشنز برسریز، میڈلس اور انعام پیدا کرنا اور دینا، جیسے شرائط میں بیان کیا گیا ہو؛<br>(xii) یونیورسٹی کے شاگردوں کی رہائش کا انتظام کرنا، رہائش کے ہالس بنانا اور ہاسٹلس اور لاجنگس کو منظور کرنا اور لائسنس جاری کرنا؛<br>(xiii) یونیورسٹی کے شاگردوں کے نظم و ضبط پر نظرداری کرنا اور ضابطہ رکھنا، شاگردوں کی اضافی تدریس اور تفریحی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی صحت اور عام بھلائی کی ہمت افزائی کے لئے انتظام کرنا؛<br>(xiv)ایسی فیس اور دوسری چارجز طلب کرنا اور حاصل کرنا جیسا وہ طے کرے؛<br>(xv) ٹھیکوں میں شامل ہونا، چلانا اور تبدیل کرنا یا رد کرنا؛<br>(xvi)جائیداد حاصل کرنا اور سنبھالنا ، یونیوسٹی کو کئی گئی گرانٹس ، وصیتیں ٹرسٹ، تحائف، عطیات، انڈومنٹس اور دوسری چندوں کو سنبھالنا اور ان کو ایسے طریقے سے استعمال کرنا جیسا مناسب سمجھے؛<br>(xvii)تربیت کی شاخوں میں ایسی تحقیق کرنا جیسے وہ دوسرے تربیت دینے والے پر مثبت اثر ڈالے؛<br>(xviii) تحقیق اور دوسرے کاموں کی چھپائی اور اشاعت کرنے کی سہولیات فراہم کرنا ؛<br>(xix) مختلف باڈیز اور کمیٹیز کے لیئے تدریسی اور انتظامی سرگرمیوں کے سلسلے میں رکن مقرر کرنا جیسے بورڈ طے کرے ؛<br>(xx)ایسے عملدار اور اسٹاف مقرر کرنا اور ایسے عملداروں اور اسٹاف کے شرائط و ضوابط، اختیارات اور ذمیداریاں بیان کرنا؛ |

(xxi) تعلیمی معیار کی بہتری کے لیئے دوسرے اداروں سے تعلیمی روابط قائم کرنا اور تعاون کی سرگرمیوں کو ترقی دلانا؛ اور

(xxii)ایسے تمام اقدام لینا اور کرنا جو کہ اس کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے مطلوب ہوں۔

چانسلر
The Chancellor

**باب -III**

**یونیورسٹی کے عملدار**

۵۔ مندرجہ ذیل یونیورسٹی کے عملدار ہوں گے:

(i) چانسلر؛

(ii) وائس چانسلر؛

(iii) ڈینس؛

(iv) ڈائریکٹر؛

(v) تدریسی شعبے کا چیئرمین؛

(vi) رجسٹرار؛

(vii) ڈائریکٹر آف فنانس؛

(viii) ناظم امتحانات

(ix) ریزیڈنٹ آڈیٹر؛

(x) لائبریرین؛ اور

(xiii) ایسے دوسرے افراد جن کے یونیورسٹی عملدار ہونے کے بارے میں بیان کیا گیا ہو۔

۶۔ (۱) سندھ کا گورنر یونیورسٹی کا سرپرست ہوگا۔

(2) سرپرست جب موجود ہو، یونیورسٹی کے کانووکیشنز کی صدارت کرے گا۔

(3) معائنہ:

(a) سرپرست یونیورسٹی سے متعلقہ معاملات سے کسی بھی مسئلے کے سلسلے میں معائنہ یا جانچ پڑتال کروا سکتا ہے اور وقتاً فوقتاً ہدایت کرے گا اور کوئی فرد یا افراد مندرجہ ذیل معاملات کی جانچ پڑتال یا پوچھ گاچھ کے لیئے مقرر کر سکتا ہے:

وائس چانسلر
Vice Chancellor

(i) یونیورسٹی، اس کی عمارت، لائبریریز اور دیگر سہولیات؛

(ii)کوئی ادارہ، شعبہ یا یونیورسٹی کے ماتحت ہاسٹل؛

(iii)مالی اور افرادی وسائل کی موزونیت؛

وائس چانسیلر کے اختیارات اور ذمیداریاں
Powers and duties of the Vice Chancellor

(iv)تدریس، تحقیق، نصاب، امتحان اور دیگر یونیورسٹی کے معاملات؛ اور
(v)ایسے دوسرے کوئی معاملات جیسے اس کی طرف سے بیان کیا گیا ہو۔
(b)سرپرست متعلقہ بورڈ سے رابطہ کرے گا اور اپنے معائنے کے نتیجے کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کرے گا اور متعلقہ بورڈ کی رائے کے بعد اس سلسلے میں اس کی طرف سے قدم لیا جائے گا۔
(c) متعلقہ بورڈ ایسے وقت کے دوران جو سرپرست کی طرف سے بیان کیا گیا ہو، اس کو ایسا قدم اٹھانے کا مشورہ دے سکتا ہے، اگر کوئی ہو، جو لیا گیا ہو یا معائنے کے نتیجے کے بعد لیا جانا ہو۔
(d)جہاں متعلقہ بورڈ بیان کردہ وقت کے دوران سرپرست کو مطمئن کرنے والا کوئی قدم نہیں اٹھائے، تو سرپرست ایسی ہدایات جاری کر سکتا ہے جو وہ مناسب سمجھے اور متعلقہ بورڈ ایسی ساری ہدایات پر عمل کرے گا۔
(e)سرپرست کو کوئی بھی قدم اٹھانے کے لیئے اختیار حاصل ہوگا، جیسے وہ ادارے کے خلاف مناسب سمجھے، بشمول اس کے بند کرنے کے، اگر کسی خلاف ورزی یا غیر قانونی سرگرمی میں ملوث ہو۔
۷۔ (۱) چانسیلر ایک نامور شخص ہوگا، جو معلومات کے میدان میں معاشرے کی خدمات کے طور پر جانا مانا ہوگا اور اپنے اعلیٰ اخلاق اور علمی ذوق رکھنے کے طور پر پسندیدہ ہوگا:
(۲)ذیلی دفعہ (۱) کے تحت چانسیلر ٹرسٹ کی طرف سے مقرر کیا جائے گا۔
(۳)چانسلر، سرپرست کی غیر حاضری میں، یونیورسٹی کے کانووکیشن کی صدارت کرے گا۔
(۴)اعزازی ڈگری دینے کے لیئے ہر تجویز کی چانسلر سے تصدیق کرائی جائے گی۔
(۵) چانسلر کسی شخص کو کسی اتھارٹی کی رکنیت سے ہٹا سکتا ہے، اگر ایسا شخص :

(i) ذہنی توازن کھو بیٹھتا ہے ؛یا

رجسٹرار Registrar

(ii)ایسی اتھارٹی کے میمبر کے طور پر کام کرنے سے نااہل ہو جاتا ہے؛ یا

(iii)کسی عدالت کی طرف سے اخلاقی گستاخی کے جرم میں سزا سنائی جا چکی ہو۔

(۶)اگر چانسلر مطمئن ہے کے کسی اتھارٹی کی

ڈائریکٹر آف فنانس Director of Finance

کارروائی اس ایکٹ کی گنجائشوں، قوانین،ضوابط یا قواعد کے تحت نہیں ہے تو و ایسی اتھارٹی کو شو کاز نوٹیس جاری کرنے کے بعد اس کو طلب کر سکتا ہے کے کیوں نہ ایسی کارروایوں کو رد کیا جائے، تحریری حکم کے ذریعے ایسی کارروایوں کو رد کر سکتا ہے۔

(۷) چانسلر کی غیر موجودگی کی صورت میں یا کسی اور سبب کے باعث وائس چانسلر اس کی جگہ پر فرائض سرانجام دے گا۔

(۸) چانسلر یونیورسٹی سے متعلقہ معاملات کی جانچ کے لیئے معائنہ کر اسکتا ہے، اور ایسا شخص یا

ناظم امتحانات Controller of Examinations

اشخاص مقرر کر سکتا ہے، جیسا کہ مقاصد حاصل کرنے کے لئے مناسب سمجھے۔

(۹) چانسلر، ذیلی دفعہ (٦) کے تحت رپورٹ ملنے

ریذیڈنٹ آڈیٹر Resident Auditor

کے بعد ایسی ہدایات جاری کر سکتا ہے جیسا وہ مناسب سمجھے اور وائس چانسلر ایسی ہدایات پر بورڈ کے ذریعے عمل کرائے گا۔

ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈیولپمینٹ The Director of Planning and Development

۸۔ (1) وائس چانسلر، چانسلر کی طرف سے تین سال کے عرصے کے لئے مقرر کیا جائے گا، جو چانسیلر کی خوشی سے مزیدبڑھایا جا سکتا ہے، ایسی شرائط و ضوابط پر جیسے چانسلر طے کرے۔

(۲)کسی بھی وقت جب وائس چانسلر کا عہدہ خالی ہوگا یا وائس چانسلر غیر حاضر ہوگا یا کسی بیماری کے باعث اپنے آفس کے فرائض انجام دینے سے

اتھارٹیز Authorities

قاصر ہوگا یا کسی اور سبب کے باعث چانسلر وائس چانسلر کی ذمہ داریاں نبھانے کے لئے ایسے انتظامات کر سکتا ہے جیسا وہ مناسب سمجھے۔

۹۔ (۱) وائس چانسلر یونیورسٹی کا اہم تدریسی اور انتظامی عملدار ہوگا اور اس ایکٹ کی گنجائشوں، چانسلر کی ہدایات، اور یونیورسٹی کی ہدایات پر عمل درآمد کرنے کا ذمہ دار ہوگا اور یونیورسٹی کی پالیسز اور پروگرامز پر عمل درآمد کا ذمہ دار ہوگا۔

(۲)وائس چانسلر، چانسیر کے غیر موجودگی میں، اتھارٹیز کی میٹنگس کی صدارت کرے گا، جن کا چانسلر چیئرمین ہے۔

بورڈ آف گورنرس
Board of Governors

(۳)وائس چانسلر، کسی ہنگامی صورتحال میں، جو اس کے خیال میں فوری اقدام لینے کی ضروری ہو، ایسا قدم اٹھا سکتا ہے جیسا وہ ضروری سمجھے، جس کے بعد جتنا جلد ممکن ہو سکے، اس اقدام کے بارے میں عملدار، اتھارٹی یا باڈی کو رپورٹ کرے گا، جس کو عام صورتحال میں معاملے کو حل کرنا تھا؛

(۴)خصوصی طور پر جب اسکے اختیارات مندرجہ بالا کے منحرف نہیں ہیں تو یہ، وائس چانسلر کے اختیارات ہونگے؛

(i)ایسی عارضی آسامیاں پیدا کرنا اور بھرتی کرنا جن کی مدت چھ ماہ سے زیادہ نہ ہو؛

(ii)منظور کئے گئے بجٹ میں فراہم کیا گیا تمام خرچ کی منظوری دینا اور خرچ کے انہی میجر ہیڈز میں فنڈز کی ہیرا پھیری کرنا؛

(iii)غیر متوقع کام کے لئے رقم ایک مد میں سے نکال کر دوسرے میں رکھنا جو پچاس ہزار سے زیادہ نہ ہو، جسے بجٹ میں بیان نہ کیا گیا ہو اور اس کے متعلق بورڈکے آنے والے اجلاس میں رپورٹ کرے گا؛

(iv)متعلقہ اتھارٹی سے ناموں کے پینلز ملنے کے بعد یونیورسٹی کے تمام امتحانات کے لئے پیپرسیٹرز اور ممتحن مقرر کرنا؛

بورڈ کے اختیارات اور ذمیداریاں
Powers and duties of the

(v) پیپرز، مارکس، اور نتائج کی چھان بین کے لئے ایسے انتظام کرنا جیسا ضروری ہو؛

(vi) یونیورسٹی کے اساتذہ، عملداروں اور دوسرے

Board

ملازمین کو پڑھائی، تحقیق، امتحانات اور انتظامات اور یونیورسٹی کے ایسے دوسرے معاملات کے سلسلے میں ایسے کام کرانے کی ہدایات کرنا ، جیسا وہ ضروری سمجھے؛

(vii)ایسی کیٹگریز کے لئے ملازم مقرر کرنا، جن کے سلسلے میں بورڈ کی طرف سے اختیارات منتقل کئے گئے ہوں؛

(viii) یونیورسٹی کے کسی عملدار یا ملازمین کو اپنے اختیارات میں سے کچھ اس ایکٹ کے تحت منتقل کرنا، ان شرائط کے مطابق ، اگر کوئی ہوں؛

(ix) ایسے دوسرے اختیارات اور کام کرنا اور سرانجام دینا ، جیسا کہ بیان کیا گیا ہو۔

۱۰۔ (۱) رجسٹرار یونیورسٹی کا کل وقتی عملدار ہوگا اور بورڈ کی طرف سے ایسی شرائط اور ضوابط کے مطابق مقرر کیا جائے گا جیسا کہ بورڈ طے کرے۔

(۲)رجسٹرار یہ کام کرے گا:

(i) یونیورسٹی کی عام مہر اور تعلیمی ریکارڈز کو سنبھالے گا؛ اور

(ii) دوسرے تمام کام سرانجام دے گا جو بیان کئے گئے ہوں۔

۱۱۔ (۱) ڈائریکٹر آف فنانس یونیورسٹی کا کل وقتی عملدار ہوگا اور چانسلر کی طرف سے بورڈ کی سفارش پر مقرر کیا جائے گا۔ ان شرائط اور ضوابط کے مطابق جیسا کہ بورڈ طے کرے۔

(2) ڈائریکٹر فنانس یہ کام کرے گا:

(i) یو نیورسٹی کی جائیداد، مالیات اور انوسٹمنٹ کے متعلق انتظام کرے گا؛

(ii) یونیورسٹی کی سالانہ اور نظرثانی کئے گئے بجٹ کے اکاؤنٹس تیار کرے گا اور ان کو فنانس کمیٹی اور بورڈ کے سامنے پیش کرے گا؛

(iii)اس بات کی یقین دہانی کروائے گا کہ یونیورسٹی کے فنڈز ان ہی مقاصد کے لئے خرچ کئے جار رہے ہیں جن مقاصد کے لئے انہیں مہیا کیا گیا ہے؛ اور

(iv) ایسی دوسری ذمہ داریاں سرانجام دے گا جیسا کہ بیان کی گئی ہوں۔

۱۲۔ ناظم امتحانات یونیورسٹی کا کل وقتی عملدار ہوگا اور امتحانات سے متعلقہ تمام معاملات کے لئے ذمہ دار ہوگا اور ان ذمہ داریوں کو سرانجام دے گا جو بیان کی گئی ہوں۔

۱۳۔ ریزیڈیٹ آفیسر یونیورسٹی کا کل وقتی عملدار ہوگا اور یونیورسٹی کے فنڈ میں سے تمام ادائیگیوں کی پری آڈٹ کا ذمہ دار ہوگا۔

۱۴۔ ڈائریکٹرمنصوبہ بندی اور ترقی یونیورسٹی کا کل وقتی عملدار ہوگا اور یونیورسٹی کی منصوبہ بندی اور ترقی کا ذمہ دار ہوگا، اور وسائل، سہولیات اور اثاثوں کے حوالے سے کم مدت اور زیادہ مدت کے ترقیاتی منصوبے تیار کرنے کا بھی ذمیدار ہوگا ور ایسے کام سرانجام دے گا جیسے بیان کئے گئے ہوں۔

## باب -IV
## یونیورسٹی کی اتھارٹیز

۱۵۔ یونیورسٹی کی مندرجہ ذیل اتھارٹیز ہوں گی:

(i) بورڈ آف گورنرس؛
(ii) اکیڈمک کاؤنسل؛
(iii) بورڈ س آف فیکلٹیز ؛
(iv) بورڈس آف اسٹڈیز ؛
(v) سلیکشن بورڈ؛
(vi) اعلیٰ تعلیم اور تحقیقی بورڈ؛
(vii) فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی؛
(viii) ڈسپلن کمیٹی؛ اور
(ix) ایسی دوسری اتھارٹیز ، جیسا کہ بیان کیا گیا ہو۔

بورڈ کی میٹنگ
Meeting of the Board

۱۶۔ (۱) بورڈ آف گرنرس مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوگا:

(i)چانسلر، جو اس کا چیئرمین ہوگا؛
(ii) وائس چانسلر؛
(iii) سندھ ہائی کورٹ کا چیف جسٹس یا اس کی طرف سے نامزد کیا گیا ہائی کورٹ کا جج؛
(iv)صوبائی اسیمبلی سندھ کے دو میمبر صوبائی

اسیمبلی سندھ کی طرف سے نامزد کیئے جائیں گے؛
(v)وائس چانسلر یا اس کی طرف سے کراچی یونیورسٹی اور این ای ڈی یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالاجی کراچے کے نامزد کردہ؛
(vi) چیئرمین، یونیورسٹی گرانٹس کمیشن، ان کی طرف سے نامزد کیا گیا کمیشن کاکل وقتی میمبر؛
(vii)دو ڈینس چانسلر کی طرف سے وائس چانسلر کی سفارش پر مقرر کیئے جائیں گے؛
(viii) حکومت سندھ کا سیکریٹری برائے تعلیم یا اس کی طرف سے نامزد کردہ؛
(ix) صدر، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کراچی؛
(x) بہترین میرٹ کے چار میمبرس ٹرسٹ کی طرف سے نامزد کیئے جائیں گے؛
(xi) مختلف نظم و ضبط اور شعبوں سے چار نامور اشخاص کو چانسلر کی طرف سے وائس چانسلر کی سفارش پر نامزد کیا جائے گا؛
(xii) رجسٹرار جو اس کے سیکریٹری کے طور پر کام کرے گا۔

اکیڈمک کاؤنسل
Academic Council

(۲) ایکس آفیشو میمبرس کے علاوہ بورڈ کے میمبر تین سالوں کی مدت کے لئے عہدہ رکھیں گے اور دوبارہ نامزدگی کے لئے اہل ہوں گے۔

۱۷۔ (۱) بورڈ یونیورسٹی کی ایگزیکٹو باڈی ہوگا اور ایکٹ کی گنجائش کے مطابق، یونیورسٹی کی جائیداد کے انتظام سمیت تمام معاملات کی عام نظرداری کرے گا۔

اکیڈمک کائونسل کے اختیار اور فرائض
Powers and duties of the Academic Council

(۲) مندرجہ بالا اختیارات کی حیثیت سے تضاد کے بغیر اور اس ایکٹ کی گنجائشوں اور قوانین کے تحت، بورڈ کو مندرجہ ذیل اختیارات حاصل ہوں گے:
(i)یونیورسٹی کی جائیداد، فنڈز، اثاثوں اور وسائل کو رکھنا، ضابطہ رکھنا اور انتظام قبول کرنا؛
(ii) فنانس اور پلاننگ کمیٹی کے مشورے سے یونویرسٹی کے فنانس، اکاؤنٹس اور انویسٹمنٹس چلانا اور سنبھالنا اور اس مقصد کے

| | |
|---|---|
| قوانین<br>Statutes | لیئے ایسے ایجنٹس مقرر کرنا، جیسے وہ ضروری سمجھے؛<br>(iii) سالانہ اور نظرثانی بجٹ تخمینوں پر غور کرنا اور اس سلسلے میں فاؤنڈیشن کو مشورہ دینا، اورخرچ کے میجر ہیڈ میں سے دوسرے جانب فنڈس کو تقسیم کرنا؛<br>(iv) یونیورسٹی کی طرف سے منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد کی منتقلی کرنا اور منتقلی کو قبول کرنا؛<br>(v) یونیورسٹی کی طرف سے ٹھیکے منظور کرنا، مکمل کروانا، تبدیل کرنا یا رد کرنا؛<br>(vi) یونیورسٹی کی طرف سے حاصل شدہ ساری رقوم کے اکاؤنٹس کے بہتر کھاتے رکھنا اور یونیورسٹی کے اثاثوں اور وسائل کے کھاتے رکھنا؛<br>(vii) یونیورسٹی کی طرف سے منتقل کی گئی جائیداد اور حاصل کی گئی گرانٹس، تحائف، عطیات، انڈومنٹس اور دوسری کنٹری بیوشنز حاصل کرنا اور انتظام کرنا؛<br>(viii) بیان کردہ مقاصد کے لیئے یونیورسٹی کے نیکال کے وقت رکھے گئے کسی فنڈ کا انتظام کرنا؛<br>(ix) طریقہ کار طے کرنا، تحویل میں دینا اور یونیورسٹی کی عام مہر کو استعمال میں لانا؛<br>(x) یونیورسٹی کے کام جاری رکھنے کے لیئے عمارتیں، لائبریریز، احاطے، فرنیچر، سامان، اوزار اور دیگر مطلوبہ چیزیں فراہم کرنا؛<br>(xi) رہائش کے ہالس اور ہاسٹلس قائم کرنا اور سنبھالنا اور شاگردوں کی رہائش کے لیئے ہاسٹلس اور لاجنگس کی منظوری دینا یا لائسنس جاری کرنا؛ |

(xii) تعلیمی اداروں اور کالجوں کا الحاق کرنا یا علحدہ کرنا؛

(xiii) پروفیسرشپس، ایسوسیئیٹ پروفیسر شپس، اسسٹنٹ پروفیسر شپس، لکچرر شپس اور دیگر ٹیچنگ کی آسامیاں پیدا کرنا یا ایسی آسامیوں کو معطل یا ختم کرنا؛

(xiv) ایسے انتظامی، تدریسی، تحقیقی یا دیگر عہدے پیدا کرنا، معطل یا ختم کرنا، جیسے ضروری ہو؛

(xv) اساتذہ، عملداروں اور ایسے دوسرے کیڈر پر سلیکشن بورڈ کی سفارشوں پر مقرریاں کرنا، جیسے بورڈ کی طرف سے طے کیا جائے؛

ضوابط
Regulations

(xvi) نامور اور منفرد پروفیسر ایسی شرائط اور ضوابط کے تحت مقرر کرنا جیسے بیان کیا گیا ہو؛

(xvii) بیان کردہ شرائط کے تحت متعلقہ شعبے کے میدان میں اعزازی ڈگریاں دینا؛

(xviii) عملداروں، اساتذہ اور یونیورسٹی کے دوسرے لازمین کی ذمیداریاں متعین کرنا؛

(xix) عملداروں (علاوہ وائس چانسلر کے)، اساتذہ اور دوسرے ملازمین کو بیان کردہ طریقیکار کے تحت معطل کرنا، سزا دینا یا ملازمت سے برطرف کرنا؛

(xx) اس ایکٹ کی گنجائشوں کے تحت مختلف اتھارٹیز میں میمبر مقرر کرنا؛

(xxi) چانسلر کو پیش کرانے کے لیئے اسٹیچوٹس تجویز کرنا؛

(xxii) اکیڈمک کاؤنسل کی طرف سے تشکیل دیئے گئے ضوابط پر غیر کرنا اور نیکال کرنا، بشرطیکہ بورڈ اپنے طور پر ایک ضابطہ بنا سکتا ہے اور اکیڈمک کاؤنسل سے مشاورت کے بعد اس کو منظور کر سکتا ہے؛

(xxiii) یونیورسٹی سے متعلقہ دوسرے سارے معاملات کو چلانا، طے کرنا اور انتظام کرنا اور اس سلسلے میں دوسرے تمام اختیارات استعمال کرنا خاص طور پر جو اس ایکٹ اور اسٹیٹیوٹس میں بیان نہ کیئے گئے ہوں؛

(xxiv) اپنے کوئی بھی اختیارات اتھارٹی یا آفیسر یا کمیٹی یا ذیلی کمیٹی کو سونپنا؛ اور

(xxv) ایسے دوسرے کام سرانجام دینا جو اس کو اس ایکٹ کے تحت سونپے گئے ہوں یا جو اسٹیٹیوٹس کے تحت سونپے گئے ہوں۔

قوانین اور ضوابط کی ترمیم اور منسوخی
Amendment and repeal of statutes and regulations

۱۸۔ (۱) بورڈ سال میں کم از کم چار مرتبہ اجلاس بلائے گا۔ان تاریخوں پر جو وائس چانسلر کی طرف سے طے کی جائیں گی؛ بشرطیکہ ایک خاص اجلاس کسی بھی وقت چانسلر کی ہدایت پر بلایا جا سکتا ہے یا بورڈ کے میمبرز کی درخواست پر جن کی تعداد چار سے کم نہ ہو، اور معاملات ضروری نوعیت کے ہوں۔

(۲) خاص اجلاس کے لئے دس دن سے کم دن کا نوٹس بورڈ کے میمبرز کو نہیں دیا جائے گا، اور اجلاس کی ایجنڈا محدود کی جائے گی، ان معاملات کے لئے جس کے لیئے خاص اجلاس بلایا گیا ہے۔

(۳) بورڈ کے اجلاس کے لئے کورم تمام میمبرز کے ایک تہائی کے برابر ہوگا، جس کی نسبت ایک کے برابر شمار کی جائے گی۔

(۴) بورڈ کے فیصلے موجود میمبرز کی اکثریت کی بنیاد پر اور ووٹنگ کے ذریعے کیئے جائیں گے اور اگر میمبر ایک جتنے تقسیم ہو جاتے ہیں تو بورڈ کے چیئرمین کو ایک کاسٹنگ ووٹ حاصل ہوگا، جو وہ استعمال کرے گا؛

الحاق
Affiliation

۱۹۔ (۱) اکیڈمک کاؤنسل مشتمل ہوگی؛

(i) وائس چانسلر جو چیئرمین ہوگا؛

(ii) ڈینس؛

(iii) ڈائریکٹرز؛

(iv) امیرٹس اور نامور پروفیسرز سمیت یونیورسٹی کے پروفیسرز؛
(v) تدریسی شعبہ جات کا چیئرمین؛
(vi) پانچ نامور افراد جو عالمی سطح پر اپنے معاشرے کی خدمت اور شعبے کی سربراہی اور دانشورانہ حیثیت کے سبب جانے جاتے ہوں ، چانسلر کی طرف سے وائس چانسلر کی سفارش پر نامزد کیئے جائیں گے؛
(vii) ناظم امتحانات؛
(viii) لائبریرین؛ اور
(ix) رجسٹرار جو سیکریٹری کے فرائض انجام دے گا۔

(۲) نامزد گی کے ذریعے مقرر کیئے گئے میمبرز تین سال کے عرصے تک عہدہ رکھ سکیں گے اور دوبارہ نامزد ہونے کے لیئے اہل ہوں گے۔

(۳) اکیڈمک کاؤنسل کے اجلاس کا کورم تمام میمبرز کے ایک تہائی کے برابر ہوگا، جس کی نسبت ایک کے برابر شمار کی جائے گی۔

یونیورسٹی فنڈ، آڈٹ اور اکاؤنٹس
The University Fund, Audit and Accounts

۲۰۔ (۱) اکیڈمک کاؤنسل یونی ورسٹی کی اعلی ترین اکیڈمک باڈی ہوگی اور اس ایکٹ کی گنجائش اور قوانین کے مطابق، اسے تدریس، اسکالرشپ، تحقیق اور امتحانات کے خاص معیار کے مطابق رکھنے اور چلانے اور یونیورسٹی کی تدریسی سرگرمی کی حوصلہ افزائی اور منظم کرنے کے اختیارات حاصل ہوں گے؛

(۲) خاص طور پر اور مندرجہ بالا گنجائشوں کی عام حیثیت سے تضاد کے علاوہ کاؤنسل کو مندرجہ ذیل اختیارات حاصل ہوں گے؛
(i) بورڈ کو تدریسی معاملات میں صلاح مشورہ دینا؛
(ii) طلباء کی تدریس اور امتحانی کورسز میں داخلائوں پر ضوابط رکھنا؛
(iii) بورڈ کی فیکلٹیز، تدریسی شعبوں، اداروں

اور بورڈ آف اسٹڈیز کی تشکیل اور تنظیم کے لئے تجاویز دینا؛

(iv) یونیورسٹی میں تدریس اور تحقیق کی منصوبہ بندی اور ترقی کے لئے تجاویز دینا اور ان پر غور کرنا اور بنانا ؛

ملازمت سے رٹائرمنٹ
Retirement from Services

(v) بورڈ آف فیکلٹیز اور بورڈ آف اسٹڈیز کی سفارشات پر ضوابط بنانا جس میں تدریس کے کورسز اور یونیورسٹی کے تمام امتحانات کے لئے نصاب بنانا، بشرطیکہ اگر بورڈ آ ف فیکلٹیز اور بورڈ آف اسٹڈیز کی سفارشات بیان کی گئی تاریخ تک وصول نہ ہوئی ہوتو کاؤنسل بورڈ کی منظوری سے آنے والے سال کے لیئے تدریس کے کورسز جاری رکھے گی جو پیشگی امتحانات کے لیئے بیان کیئے گئے ہیں؛

(vi) دوسری یونیورسٹیز اور امتحانی باڈیز کے امتحانات کو یونیورسٹی کے امتحانات کے برابر حیثیت دینا؛

(vii) بورڈ کو پیش کرنے کے لئے ضوابط بنانا؛

(viii) اس ایکٹ کی گنجائش کے مطابق اتھارٹیز میں میمبر مقرر کرنا؛

(ix) ایسے دوسرے کام سرانجام دینا جیساکہ قانون میں بیان کیا گیا ہو؛

## باب- V

## قوانین، ضوابط اور قواعد

۲۱- (۱)اس ایکٹ کی گنجائش کے مطابق، چانسلر تمام یا مندرجہ ذیل کسی بھی معاملے کو چلانے کے لئے قانون بنا کر نافذ کر سکتا ہے،یعنی:

(i)یونیورسٹی کے ملازمین کی ملازمت کے شرائط اور ضوابط بنانا، بشمول پے اسکیل، پنشن کی تشکیل، انشورنس، گریجویٹی، پرووِیڈنٹ فنڈ، بینیوولینٹ فنڈ اور دوسرے متعلقہ قواعد کی؛

پینشن، انشورنس، گریجوئٹی، پرووِیڈنٹ اور بینوولینٹ فنڈ

(ii) اساتذہ، محققین، اور عملداروں کے کانٹریکٹ پر مقرریوں کے شرائط و ضوابط؛

| | |
|---|---|
| Pension, insurance, gratuity, provident and benevolent fund | (iii) فیکلٹیز، تدریسی شعبوں، اور دوسری اکیڈمک یونٹس اور ڈویژنس کا قیام؛ |
| | (iv) اداروں کا الحاق اور علحدگی اور اسے سے متعلقہ معاملات؛ |
| | (v) عملداروں اور اساتذہ کے اختیارات اور ذمہ داریاں متعین کرنا؛ |
| اتھارٹیز کے میمبرز کے عہدے کی مدت کی شروعات Commencement of term of office of members of Authorities | (vi) شرائط جن کے تحت یونیورسٹی دوسرے پبلک یا پرائیویٹ آرگنائزیشنز کے ساتھ تدریس، تحقیق اور دیگر عالمانہ سرگرمیوں کے انتظامات میں داخل ہو سکتی ہے؛ |
| | (vii) پروفیسرز امیرٹس اور نامور پروفیسرز کی مقرری کے شرائط طے کرنا؛ |
| اتھارٹیز میں عبوری آسامیوں پر بھرتی Filling of casual vacancies in authorities | (viii) اعزازی ڈگریاں دینا؛ |
| | (ix) یونیورسٹی کے ملازمین کی صلاحیت کے تخمینے کے لیئے معیار اور ان کے خلاف انتظامی کارروائی کرنا؛ |
| | (x) یونیورسٹی کی جائیداد کا انتظام کرنا اور سرمایہ کاری کرنا اور ؛ |
| | (xi) دوسرے تمام معاملات جو اس ایکٹ کے تحت بیان کیئے جاتے ہیں یا قانون کے تحت چلائے جاتے ہیں۔ |
| | (۲) قوانین کا ڈرافٹ بورڈ کی طرف سے چانسلر کی منظوری کے لئے تجویز کیا جائے گا۔ |
| | (۳) چانسلر کو منظوری کے لئے بھیجے گئے قوانین کو قبول کرنے یا اسے بورڈ کی طرف نظرثانی کے لئے واپس بھیجنے کا اختیار ہوگا۔ |
| | (۴) کوئی بھی قانون موثر نہیں ہوگا جب تک کہ چانسلر کی طرف سے منظور نہ کیا جائے۔ |
| اتھارٹیز کی ممبرشپس کے متعلق تنازعہ Disputes about memberships of authorities | ۲۲۔ (۱) اس ایکٹ کی گنجائشوں اور قانون کے مطابق مندرجہ ذیل تمام یا ان میں سے کچھ معاملات کے لئے ضوابط بنائے جائیں گے۔ |
| | (i) یونیورسٹی کی ڈگریز، ڈپلوماز اور سرٹیفکیٹس کے لیئے کورسز آف اسٹڈیز؛ |

(ii) یونیورسٹی میں شاگردوں کی داخلا؛

(iii) شرائط جن کے تحت شاگردوں کو داخلا دی جانی ہے اور جن کے تحت وہ ڈگریز، ڈپلوماز اور سرٹیفکیٹس ملنے کے اہل ہوں گے؛

(iv) امتحان منعقد کرنا ؛

(v) فیس اور دیگر چارجز جو کہ شاگردو ں کی طرف سے یونیورسٹی کے کورسز آف اسٹڈی میں داخلا اور امتحانات کے لیئے ادا کرنے ہیں؛

(vi) یونیورسٹی کے شاگردوں کاچال چلن اور نظم و ضبط؛

(vii) یونیورسٹی یا کالجوں کے شاگردوں کی رہائش کی شرائط، بشموہل رہائش کے ہالس اور ہاسٹلس میں رہائش کی فیس کے؛

(viii) ہاسٹلس اور لاجنگس کی منظوری اور لائسنس جاری کرنا؛

(ix) شرائط جن کے تحت ایک شخص ڈگری حاصل کرنے کے لیئے آزادانہ تحقیق جاری رکھ سکے گا؛

(x) فیلوشپس، اسکالرشپس، انعام، میڈلز اور اعزاز دینا ؛

(xi) وظائط دینا اور فری اور ہاف فری اسسٹنٹ شپس دینا؛

(xii) اکیڈمک کاسٹیومس؛

(xiii) لائبریری کا استعمال؛

(xiv) ٹیچنگ ڈپارٹمینٹس اور بورڈس آف اسٹڈیز تشکیل دینا؛

(xv) دوسرے تمام تعلیمی معاملات جو اس ایکٹ یا قوانین کے ذریعے یا ضوابط کے مطابق بیان کیئے جانے ہیں۔

(۲) اکیڈمک کاؤنسل کی طرف سے ضوابط تیار کیئے جائیں گے اور بورڈ کو پیش کیئے جائیں گے جو ان کو منظور کر سکتا ہے یا رد کر سکتا ہے یا واپس

دیگر اتھارٹیز کی تشکیل، کام اور اختیارات
Constitution, Functions and powers of other Authorities

اتھارٹی کی طرف سے کمیٹی کی تقرری
Appointment of Committee by the Authority

رکاوٹیں ہٹانا
Removal of difficulties

اتھارٹیز کی کارروایاں آسامیوں کی وجہ سے غیر موثر نہیں ہوں گی
Proceedings of Authorities not invalidated by vacancies

کاروائی پر پابندی
Bar of jurisdiction

ضمانت
Indemnity

اکیڈمک کاؤنسل کو دوبارہ غور کرنے کے لیئے بھیج سکتا ہے۔
(۳) اکیڈمک کاؤنسل کی طرف سے تیار کیا گیا کوئی بھی ضابطہ تب تک موثر نہیں ہوگا، جب تک بورڈ کی طرف سے منظوری نہ دی جائے۔

فیکلٹیز
Faculties

۲۳۔ قوانین اور ضوابط میں اضافہ کرنے، ترمیم کرنے یا منسوخ کرنے کا طریقیکار ترتیبوار وہ ہی ہوگا جو قوانین اور ضوابط ترتیب یا تشکیل دینے کے لیئے بیان کیا گیا ہے۔
(۱) اتھارٹیز اور یونیورسٹی کی دوسری باڈیز اس ایکٹ، اسٹیچوٹس اور ضوابط کے تحت ان کے کام کاج اور میٹنگ کے وقت اور جگہ اور متعلقہ معاملات کے لیئے قواعد تشکیل دے سکتی ہیں؛
(i)بشرطیکہ بورڈ اتھارٹی یا باڈی کی طرف سے اس دفعہ کے تحت کسی بھی قواعد میں ترمیم کرنے یا ان کو ختم کرنے کی ہدایت کرسکتا ہے۔
(ii)بشرطیکہ مزید برآں کہ اگر ایسی اتھارٹی یا باڈی ایسی ہدایات سے مطمئن نہیں ہے تو چانسلر کو اپیل کی جا سکتی ہے، جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔
(۲) بورڈ یونیورسٹی کے کسی معاملےکے متعلق قواعد بنا سکتا ہے، جو اس ایکٹ کے تحت خاص طور پر قواعد اور ضوابط میں بیان نہ کئے گئے ہوں۔

## باب -VI
## تعلیمی اداروں کا یونیورسٹی سے الحاق

۲۴۔ (۱) یونیورسٹی میں الحاق چاہنے والا تعلیمی ادارہ مطمئن کرنے کے لیئے یونیورسٹی کو درخواست دے گا کہ:
(i) تعلیمی ادارہ حکومت کے انتظام میں یا مستقل بنیادوں پر تشکیل دی گئی گورننگ باڈی ہے؛
(ii) تعلیمی ادارے کے مالی وسائل ادارے کی مرمت اور بہتر طریقے کام جاری رکھنے کے لیئے کافی ہیں؛

(iii) تعلیمی ادارے کے پڑھانے والے اور دوسرے اسٹاف کی قوت اور تعلیمی قابلیت اور ملازمت کے شرائط و ضوابط بیان کیئے گئے کورسز آف اسٹڈیز اور تعلیمی ادارے کی تربیت کے مقصد کے لیئے مطمئن کرنے لائق ہیں؛

(iv) تعلیمی ادارے کو اپنے ملازمین کے کام کاج اور نظم و ضبط کو سنبھالنے کے لیئے مناسب قواعد ہیں؛

(v) عمارت جس جگہ پر تعلیمی ادارہ قائم ہونا ہے، وہ موزوں ہے اور گنجائشیں قوانین اور قواعد کے مطابق تشکیل دی جائیں گی؛ اور

(vi) لائبریری، لیباریٹریز اور ایسی دیگر پڑھائی اور تحقیق کی خدمات وافر انداز میں فراہم کی گئی ہیں، جو ادارے میں پڑھائی اور تحقیق کے معیاروں کے لیئے ضروری ہیں۔

(۲)ایک تعلیمی ادارے کے الحاق کے حوالے سے درخواست کے نیکال کا طریقیکار یا انکار یا الحاق ختم کرنے کا طریقہ اس طرح ہوگا، جیسے بیان کیا گیا ہو۔

فیکلٹی کا بورڈ
The Board of Faculty

(۳)بورڈ جانچ پڑتال اور اکیڈمک کاؤنسل سے مشاورت کے بعد، الحاق ختم کرنے کا نوٹیس دے گا، اگر وہ مطمئن ہے کہ تعلیمی ادارہ کسی موقعہ پر الحاق کی ضروریات پوری کرنے میں ناکام ہوا ہے یا الحاق کی شرائط میں سے کسی ایک پر عمل کرنے میں ناکام ہوا ہے۔

(۴)الحاق سے تب تک انکار نہیں کیا جائے گا یا ختم نہیں کیا جائے گا جب تک تعلیمی ادارے کو سننے کا موقعہ فراہم نہ کیا جائے۔

## باب-**VII**
## **یونیورسٹی فنڈ**

۲۵۔ (۱) یونیورسٹی کا ایک فنڈ ہوگا، جس میں اس کی

ڈینس
Deans

تدریسی شعبہ
Teaching Department

بورڈ آف اسٹڈیز
Board of Studies

فیس، عطیات، ٹرسٹس، تحائف، انڈومینٹس، گرانٹس اور دوسرے وسائل سے ملی ہوئی رقم جمع کی جائے گی۔

(۲) یونیورسٹی کا کیپٹل اور کرنٹ خرچ اور اس کی کمائی اور فاؤنڈیشن کی طرف سے کی گئی مدد اور کسی دوسرے وسیلے، بشمول دوسری فاؤنڈیشنز، یونیورسٹیز اور افراد کے ایسے وسیلوں سے حاصل کی گئی رقم میں سے کیا جائے گا۔

(۳) کوئی بھی مدد، چندہ یا گرانٹ جو واسطہ یا بالواسطہ فوری طور پر یا جس کے نتیجے میں یونیورسٹی پر مالی ذمہ داری ہو، یا جو وقتی طور پر پروگرام سے باہر سرگرمیوں میں شامل ہو، ایسی رقم بورڈ کی پیشگی منظوری کے سواء قبول نہیں جائے گی۔

(۴)یونیورسٹی کے اکاؤنس اس طرح سنبھالے جائیں گے جیسے بورڈ طے کرے اور ہر سال یونیورسٹی کا مالی سال ختم ہونے سے چار ماہ پہلے ان کی آڈٹ بورڈ کی طرف سے مقرر کردہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کی طرف سے کی جائے گی۔

(۵) اکائونٹس، آڈیٹر کی رپورٹ کے ساتھ بورڈ کی منظوری کے لئے پیش کئے جائیں گے۔

(۶) آڈیٹر کی رپورٹ اس بات کی تصدیق کرے گی کہ آڈیٹر رپورٹ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے ادارے کے معیار کے مطابق بنائی گئی ہے۔

## باب -VIII
## عام گنجائیشیں

۲۶۔ یونیورسٹی کا کوئی ملازم، ملازمت سے رٹائر ہوگا:

(i)اس تاریخ پر جب اس کی ملازمت کو پچیس سال مکمل ہوئے ہو، اس کے بعد وہ پنشن یا رٹائرمنٹ کے دوسرے قواعد کے لئے اہل ہوگا، جیسا اتھارٹی طئے کرے۔

بشرطیکہ کسی بھی ملازم کو وقت سے پہلے تب

تک رٹائر نہیں کیا جائے گا جب تک اسے ہٹانے والے اقدام کی حقیقتوں سے آگاہ نہ کیا جائے، اور اس کو اس اقدام کے خلاف سبب بیان کرنے کا موزوں موقعہ نہ دیا جائے ؛ یا

(ii)جہاں مندرجہ بالا شق(i) کے مطابق ہدایت نہ کی گئی ہو، کہ ساٹھ سال کی عمر کے مکمل ہونے پر رٹائر کرے گا۔

(۲) علاوہ اس کے کہ کوئی عملدار، استاد یا یونیورسٹی کا کوئی دوسرا ملازم جو مستقل عہدہ رکھتا ہو، اس کا عہدہ کم نہیں کیا جائے گا یا برطرف یا لازمی طور پر سے ملازمت میں سے رٹائر نہیں کیا جائے گا، جب تک کہ اسے اس اقدام کے خلاف سبب بتانے کا موزوں موقعہ فراہم نہ کیا جائے ۔

اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کا بورڈ
The Board of Advance Studies and Research

(۳) جہاں یونیورسٹی کے کسی ملازم کو سزا کا حکم جاری کیا گیا ہو، (سوائے وائس چانسلر کے) یا اس کی ملازمت کی بیان کی گئی شرائط اور ضوابط کے مطابق کو تبدیل کیا جائے یا اس کے نقصان کی ترجمانی کی جائے، اسے جہاں حکم وائس چانسلر کی طرف سے جاری کیا گیا ہو یا کسی دوسرے عملدار یا یونیورسٹی کے استاد کی طرف سے جاری کیا گیا ہو، ایسے حکم کے خلاف بورڈ کو اپیل کرنے کا حق حاصل ہوگا، جہاں حکم بورڈ کی طرف سے جاری کیا گیا ہو، اس کو اس اتھارٹی کو حکم پر نظرثانی کرنے کے لئے درخواست کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

(۴) نظرثانی کے لئے اپیل یا درخواست وائس چانسلر کو جمع کرائی جائے گی، جو اس کی اپنی رائے اور کیس کے ریکارڈ کے ساتھ بورڈ کے سامنے رکھے گا۔

(۵) اپیل اور نظرثانی پر کوئی بھی حکم جاری نہیں کیا جائے گا، جب تک کہ اپیل کرنے والا یا درخواست گذار کو، جیسا معاملہ ہو، سماعت کا موقعہ فراہم نہ کیا جائے۔

۲۷۔ (۱) یونیورسٹی ملازمین کی بھلائی کے لیئے

| | |
|---|---|
| | اور شرائط کے مطابق جیسا بیان کیا گیا ہو، ان کے لیئے پنشن، انشورنس، گریجوئٹی، پرووِیڈنٹ فنڈ اور بینوولینٹ فنڈ قائم کرے گی جیسا وہ مناسب سمجھے۔ |
| سلیکشن بورڈ The Selection Board | (۲)جہاں کوئی پرووِیڈنٹ فنڈ اس ایکٹ کے تحت قائم کیا گیا ہو، تو پرووِیڈنٹ فنڈز ایکٹ، 1925 کی گنجائیشیں ایسے فنڈ پر لاگو ہوں گی۔ |
| | ۲۸۔ جب نئی بنائی گئی اتھارٹی کا کوئی میمبر مقرر یا نامزد کیا گیا ہو، اس کی ملازمت کے شرائط جو اس ایکٹ کے تحت طے کئے گئے ہوں، اس تاریخ سے لاگو ہوں گے، جیسا کہ بیان کیا گیا ہو۔ |
| | ۲۹۔ (۱) کسی اتھارٹی کے مقرر کئے گئے یا نامزد کئے گئے میمبرز میں کسی عارضی آسامی کو: |
| | اس شخص یا باڈی کی طرف سے جس نے اس میمبر کو مقرر یا نامزد کیا ہو، جتنا جلد ممکن ہو سکے پر کیا جائے گا۔ اور آسامی پر مقرر کیا گیا یا نامزد کیا گیا شخص اس اتھارٹی کے بقایا مدت کے لئے میمبر ہوگا اس شخص کی جگہ پر جس کی جگہ پر وہ اتھارٹی کا میمبر بنا ہے: |
| | (۲)بشرطیکہ جہاں اتھارٹی میں کو آسامی ہو، سوائے بورڈ کے، وہ اس سبب کی وجہ سے پر نہیں کی جائے گی کہ میمبر ایکس آفیشو تھا اور آسامی ختم کی گئی ہو، یا تنظیم، ادارہ یا کوئی دوسری باڈی سوائے یو نیورسٹی کے ختم کی گئی ہو یا کام کرنے سے روک دیا گیا ہو، یا کسی اور سبب کے غیر افعال ہوگئی ہو، اس آسامی کو اس طرح پر کیا جائے گا جیسا کہ چانسلر بورڈ کی سفارش پر ہدایت کرے۔ |
| مالیات اور | (۳)نامزد کیئے گئے میمبر کا عہدہ خالی ہو جائے گا اور وہ استعفیٰ دے یا بغیر مناسب سبب بتانے کے یا چھٹی کی درخواست دینے کے اتھارٹی کی مسلسل تین |

| | |
|---|---|
| میٹنگس اٹینڈ کرنے میں ناکام ہو جائے یا اس کی نامزدگی نامزد کرنے والی اتھارٹی کی طرف سے تبدیل کی گئی ہے۔<br>۳۰۔ (۱) جب تک کچھ اس ایکٹ کے متضاد نہ ہو کسی اتھارٹی میں نامزد کیا گیا یا مقرر کیا گیا کوئی شخص کسی اتھارتی کا میمبر نہیں رہے گا،اگر اس ایسی حیثیت کا غلط استعمال کیا ہو جہاں اور جس کے لئے اسے نامزد یا مقرر کیا گیا ہو۔<br>(۲) اگر کسی شخص کے اتھارٹی کا میمبر ہونے پر کوئی سوال اٹھایا جاتا ہے تو معاملہ چانسلر، چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ یا ہائی کورٹ کے جج، جو بورڈ کے میمبر ہوں اور چانسلر کی نامزد کی گئی کمیٹی کی طرف بھیجا جائے گا اور کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔<br>۳۱۔ دوسری اتھارٹیز کی تشکیل، کام کاج اور اختیار جن کے لیئے خاص گنجائش نہیں یا اس ایکٹ کے تحت نامکمل گنجائش ہے، وہ ایسے ہوگی جیسے اسٹیچوٹس میں بیان کیا گیا ہو۔ | منصوبابندی کمیٹی<br>The Finance and Planning Committee |
| ۳۲۔ بورڈ، اکیڈمک کاؤنسل، کاؤنسل یا دوسری اتھارٹیز ایسی اسٹنڈنگ، اسپیشل یا ایڈوائزری کمیٹیز مقرر کر سکتی ہیں، جیسے وہ ان کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیئے ضروری سمجھیں۔<br>۳۳۔ جب تک کچھ اس ایکٹ کے متضاد نہ ہو، شیڈول میں بنائے گئے اسٹیچوٹس ایسے سمجھے جائیں گے جیسے دفعہ ۲۱ کے تحت اسٹیچوٹس بنائے گئے ہیں اور تب تک نافذ رہیں گے جب تک ان میں ترمیم نہ کی جائے یا ان کو اس ایکٹ کے تحت تشکیل دیئے گئےنئے اسٹیچوٹس کے ساتھ تبدیل نہ کیا جائے۔ | الحاق کمیٹی<br>Affiliation Committee |
| ۳۴۔ اگر کسی اتھارٹی کی پہلی تشکیل یا دوبارہ تشکیل کے اس ایکٹ کے تحت نافذ ہونے میں کوئی رکاویٹ | ڈسیپلین کمیٹی اور اس کے کام<br>Discipline Committee |

پیش آئے یا دوسری صورت میں اس ایکٹ کی کسی گنجائش کے عمل درآمد میں کوئی رکاوٹ پیش آئے، چانسلر ایسی رکاوٹ ہٹانے کے لیئے خاص ہدایات جاری کر سکتا ہے۔

۳۵۔ کسی اتھارٹی کا کوئی اقدام، کاروائی، قرارداد یا فیصلہ فقط کسی آسامی یا تشکیل میں کسی نقص یا اتھارٹی کے میمبر کی مقرری اور نامزدگی میں کسی نقص کی صورت میں غیر موثر نہ ہوگا۔

۳۶۔ اس ایکٹ کے تحت کسی اچھی نیت سے کئے گئے کسی کام یا کچھ کرنے پر ارادے پر کسی عدالت کو زیر غور لانے، کاروائی کرنے یا کوئی حکم جاری کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہوگا۔

۳۷۔ اس ایکٹ کے تحت اچھی نیت سے کئے کسی کام یا کچھ کرنےپر ارادے حکومت، یونیورسٹی یا کسی اتھارٹی یا حکومت کے ملازم یا یونیورسٹی یا کسی شخص کے خلاف کوئی مقدمہ یا قانونی کاروائی نہیں ہوگی۔

**فرسٹ اسٹیچوٹس**

**(دیکھیں دفعہ ۳۴)**

۱۔ (۱)یونیورسٹی میں مندرجہ ذیل فیکلٹیز شامل ہونگی:

۱۔ کمپیوٹر سائنس کی فیکلٹی؛

۲۔ انفارمیشن ٹیکنالاجی کی فکلٹی؛

۳۔انجنیئرنگ کی فیکلٹی؛

۳۔۱ کمپیوٹر انجنیئرنگ

۳۔۲ الیکٹریکل انجنیئرنگ

۳۔۳ مکینیکل انجنیئرنگ

۳۔۴ سول انجنیئرنگ

۳۔۵ انڈسٹریل انجنیرنگ

۳.۶ میٹلرجیکل انجنیئرنگ
۳.۷ الیکٹرانک انجنیئرنگ
۳.۸ پیٹرولیم انجنیئرنگ
۳.۹ منرل انجنیئرنگ
۳.۱۰ ٹیلیکام انجنیئرنگ
۴۔ٹیکنالاجی کی فیکلٹی
۴.۱ کمپیوٹر ٹیکنالاجی
۴.۲ الیکٹریکل ٹیکنالاجی
۴.۳ مکینیکل ٹیکنالاجی
۴.۴ سول ٹیکنالاجی
۴.۵ انڈسٹریل ٹیکنالاجی
۴.۶ میٹلرجیکل ٹیکنالاجی
۴.۷ الیکٹرانک ٹیکنالاجی
۴.۸ پیٹرولیم ٹیکنالاجی
۴.۹ منرل ٹیکنالاجی
۴.۱۰ ٹیکنالاجی ٹیکنالاجی
۴.۱۱ پلاسٹک ٹیکنالاجی
۴.۱۲ ٹیکسٹائیل ٹیکنالاجی
۵۔بزنس ایڈمنسٹریشن کی فیکلٹی
۶۔ کامرس کی فیکلٹی
۷۔ٹیکسٹائیل سائنسز کی فیکلٹی
۸۔فائین آرٹس کی فیکلٹی
۹۔آرکیٹیکچرل سائنسز کی فیکلٹی
۱۰۔ قانون کی فیکلٹی
۱۱۔ ہاسپیٹل سائنسز کی فیکلٹی
۱۲۔ ہوٹل اور ٹوئرزم سائسنز کی فیکلٹی
۱۳۔ فوڈ سائنسز کی فیکلٹی
۱۴۔ بایومیڈیکل سائنسز کی فیکلٹی
۱۵۔ انوائرمینٹل سائنسز کی فیکلٹی
۱۶۔ پبلک ایڈمنسٹریشن کی فیکلٹی
۱۷۔ لائبریری سائنسز کی فیکلٹی
۱۸۔ اپلائیڈ سائسنز کی فیکلٹی
۱۹۔ ایگریکلچرل سائنسز کی فیکلٹی

۲۰۔ لینگویج اینڈ کلچر کی فیکلٹی
۲۱۔ ادویات کی فیکلٹی
۲۲۔ اسلامک اسٹڈیز کی فیکلٹی
۲۳۔ ہومنٹیز اینڈ سوشل سائنسز کی فیکلٹی
۲۴۔ فارمیسی کی فیکلٹی
۲۵۔ ہر فیکلٹی میں ایسا ادارہ، تدریسی شعبہ، مرکز یا دیگر تدریسی اور تحقیقی یونٹس شامل ہوں گے، جیسے ادارے نے بیان کیئے ہوں۔

۲۔ (۱) ہر فیکلٹی کا ایک بورڈ ہوگا جو مشتمل ہوگا:
(i) ڈین؛
(ii)پروفیسرز، ڈائریکٹرس اور فیکلٹی میں شامل تدریسی شعبے کا چیئرمین؛ اور
(iii) تین اساتذہ کو وائس چانسلر کی طرف سے ان کے مضامین میں خاص مہارت کی بنیاد پر نامزد کیا جائے گا، جو فیکلٹی کے حوالے نہیں ہوں گے۔

(۲) ذیلی شق (iii) میں بیان کئے گئے میمبرز تین سالوں تک عہدہ رکھیں گے۔

(۳) فیکلٹی کے بورڈ کے اجلاس کا کورم اس کے کل میمبرز کے نصف کے برابر ہوگا ، جس کی نسبت ایک کے برابر شمار ہوگی۔

(۴) ہر فیکلٹی کا بورڈ اکیڈمک کاؤنسل کے عام ضابطے میں ہوگا اور بورڈ کو اختیارات حاصل ہوں گے:
(i)فیکلٹی کو سونپے گئے مضامیں کی تدریس اور تحقیق کے متعلق مربوط کرنا؛
(ii) فیکلٹی میں شامل بورڈ آف اسٹڈیز کی طرف سے تجویز کردہ کورسز اور نصاب کی چھان بین کرنا اور ان کو اپنے مشاہدات کے ساتھ اکیڈمک کائونسل کی طرف بھیجنا؛
(iii) فیکلٹی میں شامل بورڈ آف اسٹیڈیز کی سفارشات کی چھان بین کرنا، پیپر سیٹرز اور ممتحن کی مقرری کے، سوائے ریسرچ اور ڈگری ممتحن کے، جن کی جانچ پڑتال وائس چانسلر کرے گا ؛

(iv)فیکلٹی سے متعلقہ کسی دیگر تعلیمی معاملے پر غور کرنا اور اس کے حوالے سے اکیڈمک کاؤنسل کو رپورٹ کرنا؛ اور

(v)ایسے دوسرے کام سرانجام دینا جیسا کہ بیان کیا گیا ہو۔

۳۔ (۱) ہر فیکلٹی کا ڈین ہوگا جو بورڈ آف فیکلٹی کا چیئرین اور کنوینر ہوگا۔

(۲)ہر فیکلٹی کا ڈین چانسلر کی طرف سے وائس چانسلر کی سفارش پر فیکلٹی میں سے سینیئر تین پروفیسرز میں سے تین سال کی مدت کے نامزد کیا جائے گا اور دوسری مدت کے لیئے بھی اہل ہوگا۔

(۳) ڈین فیکلٹی میں آنے والے کورسز کی ڈگریز میں، سوائے اعزازی ڈگریز کی داخلہ کے لئے امیدوار پیش کرے گا۔

(۴) ڈین ایسے دوسرے اختیارات استعمال کرے گا اور ایسی دوسری ذمہ داریاں سرانجام دے گا، جیسا کہ بیان کیا گیا ہو۔

۴۔ (۱) ہر مضمون یا متعلقہ مضامین کے گروپ کے لئے ایک تدریسی شعبہ ہوگا، جسے منظور کیا گیا ہوا اور ہر تدریسی شعبے کا ایک چیئرمین سرپرست ہوگا۔

(۲)تدریسی شعبے کا چیئرمین بورڈ کی طرف سے وائس چانسلر کی سفارص پر تین سب سے سینئر پروفیسروں میں سے مقرر کیا جائے گا اور شعبے کے تین سب سے سینئر ایسوسی ایٹ پروفیسر تین سال کے لیئے مقرر کیئے جائیں گے۔

(۳)شعبے کا چیئرمین ڈپارٹمینٹ کے کام کا منصوبہ بنائے گا،انتظام کرے گا اور نظرداری کرے گا اور ڈپارٹمینٹ کے کام کے لیئے فیکلٹی کے ڈین کو جوابدہ ہوگا۔

۵۔ (۱) ہر مضمون یا مضامین کے لیئے ایک الگ بورڈ آف اسٹیڈیز ہوگا، جیسا کہ ضوابط میں بیان کیا گیا ہو۔

(۲) ہر بورڈ آف اسٹڈیز مشتمل ہوگا:

(i)ڈپارٹمنٹ کا چیئرمین جواس کے چیئرمین اور کنوینر کے طور پر کام کرے گا؛
(ii) ڈیپارٹمنٹ یا ادارے کے تمام پروفیسرز اور ایسوسیئٹ پروفیسرز؛
(iii) یونیورسٹی کے اساتذہ کے علاوہ تین اساتذہ فیکلٹی بورڈ کی طرف سے نامزد کیئے جائیں گے، تعداد فیکلٹی بورڈ کی طرف سے بورڈ کی ضروریات کی مناسبت سے طے کی جائے گی؛ اور
(iv)تین ماہر، علاوہ یونیورسٹی کے اساتذہ کے، وائس چانسلر کی طرف سے مقرر کیئے جائیں گے۔
(۳) سوائے ایکس آفیشو میمبرز کے بورڈ آف اسٹیڈیز کے میمبرز کے آفس کی مدت تین سال ہوگی۔
(۴)بورڈ آف اسٹڈیز کے اجلاس کا کورم میمبرز کی کل تعداد کے نصف ہوگا، جس کی نسبت ایک کے برابر شمار ہوگی۔
(۵) بورڈ آف اسٹڈیز کے مندرجہ ذیل کام ہوں گے:
(i)اتھارٹیز کو متعلقہ مضمون یا مضامین میں تدریس، تحقیق اور امتحانات سے متعلقہ تمام معاملات کے متعلقہ صلاح مشورہ دینا؛
(ii) مضمون یا متعلقہ مضامین میں تمام ڈگریز ڈپلومہ اور سرٹیفکیٹ کورسز کے کورس اور نصاب تجویز کرنا؛
(iii)مضمون یا متعلقہ مضامین میں پیپر سیٹرز اور ممتحن کے ناموں کا پینل تجویز کرنا؛ اور
(iv) دوسرے ایسے کام سرانجام دینا جیسا کہ ضوابط میں بیان کیا گیا ہو۔
۶۔ (۱) ایک اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کا بورڈ ہوگا جو مشتمل ہوگا:
(i) وائس چانسلر، جو چیئرمین ہوگا؛
(ii) ڈینس؛
(iii)تین یونیورسٹی کے پروفیسرز سوائے ڈینس کے، بورڈ ا کی طرف سے نامزد کیئے جائیں گے؛
(iv)تین نامور عالم اس فیلڈ میں جس کی اعلیٰ تعلیم

اور تحقیق کے بورڈ میں نمائندگی نہ ہو ان کو وائس چانسلر کی طرف سے اکیڈمک کاؤنسل کی سفارش پر نامزد کیا جائے گا؛
(۲) ایکس آفیشو میمبرز کے علاوہ اعلیٰ تعلیم اور تحقیق بورڈ کے میمبرز کی آفیس کی مدت تین سال ہوگی؛
(۳) اعلیٰ تعلیم اور تحقیق بورڈ کے اجلاس کا کورم کل میمبرز کی تعداد کا نصف برابر ہوگا، جس کی نسبت ایک کے برابر ہوگی۔
(۴) اعلیٰ تعلیم اور تحقیق بورڈ کے کام مندرج ذیل ہونگے:
(i)یونیورسٹی میں اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کی حوصلہ افزائی کرنا اور متعلقہ تمام معاملات پر اتھارٹیز کو صلاح مشورہ دینا؛
(ii)یونیورسٹی میں تحقیق کی ڈگری دینے پر غور کرنا اور اتھارٹیز کو رپورٹ کرنا؛
(iii) تحقیقی تعلیمات کے لیئے سپروائیزرس مقرر کرنا؛
(iv)تحقیقی ڈگری دینے کے لیئے ضوابط تجویز کرنا؛ اور
(v)تحقیقی ڈگریز کے لیئے ممتحن کے ناموں کی سفارش کرنا۔
۷۔ (۱) ایک سلیکشن بورڈ ہوگا، جو مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوگا:
(i) وائس چانسلر جو چیئرمین ہوگا؛
(ii) بورڈ کا ایک میمبر اور دو نامور شخصیات بورڈ کی طرف سے نامزد کی جائیں گی؛ بشرطیکہ ان میں سے کوئی بھی یونیورسٹی کا ملازم نہیں ہوگا۔
(iii) متعلقہ فیکلٹی کا ڈین؛
(iv) متعلقہ تدریسی شعبے کا چیئرمین؛ اور
(v) ٹرسٹ کی طرف سے نامزد کیا گیا ایک شخص۔
(۲) ایکس آفیشو میمبرز کے سوا سلیکشن بورڈ کے میمبرز کی آفس کی مدت تین سال ہوگی۔

(۳) سلیکشن بورڈ کا کورم پانچ میمبرز پر مشتمل ہوگا۔
(۴) سلیکشن بورڈ کا کوئی بھی میمبر جو جس آسامی پر مقرری کے لئے امیدوار ہے، وہ سلیکشن بورڈ کی کاروائی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔
(۵) پروفیسرز اور ایسوسیئٹ پروفیسرز کے عہدوں پر امیدوار کے انتخاب میں، سلیکشن بورڈ تین ماہرین کو مقرر کرے گا یا ان سے مشاورت کرے گا اور منتخب کرنے میں، متعلقہ مضمون میں دو ماہرین وائس چانسلر کی طرف سے نامزد کئے جائیں گے۔سلیکشن بورڈ کی سفارش پر بورڈ کی طرف سے منظور کئے گئے ہر مضمون کے ماہرین کی فہرست پر وقتاً فوقتاً نظرثانی کی جائے گی۔
(٦)سلیکشن بورڈ کے کام مندرجہ ذیل ہوں گے:
(i)سلیکشن بورڈ اشتہار کے نتیجے میں ساری تدریسی اور دوسری آسامیوں پر وصول ہونے والی درخواستوں پر غور کرے گا اور ایسی آسامیوں پر موزوں امیدواروں کے نام مقرری کے لیئے بورڈ کو تجویز کرے گا۔
(ii) سلیکشن بورڈ موزوں کیس میں سبب ریکارڈ کرتے ہوئے بورڈ کو اعلیٰ بنیادی تنخواہ دینے کی سفارش کر سکتا ہے۔
(iii) سلیکشن بورڈ اعلیٰ تعلیم یافتہ شخص کو یونیورسٹی میں عہدے پر مقرری کے لئے شرائط اور ضوابط کے مطابق بورڈ کو سفارش کر سکتا ہے ، جیسا کہ بیان کیا گیا ہو۔
(iv) سلیکشن بورڈ یونیورسٹی کے تمام عملداروں کی ترقیوں کے تمام کیس زیر غور لائے گا اور موزوں امیدوار لائے گا اور موزوں امیدوارں کے ایسی ترقیوں کے لئے نام بورڈ کو بھیجے گا۔
(v) سلیکشن بورڈ اور بورڈ کی رائے میں اختلاف رائے کا مسئلہ حل نہ ہونے پر، معاملہ چانسلر کی طرف بھیجا جائے گا، جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

۸۔ (۱) ایک فنانس اور پلاننگ کمیٹی ہوگی جو مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوگی:
(i) وائس چانسلر، جو چیئرمین ہوگا؛
(ii)ٹرسٹ کے نامزد کئے گئے دو افراد؛
(iii) بورڈ کی طرف سے نامزد کیا گیا ایک فرد؛
(iv) فنانس اور پلاننگ کے میدان میں ماہر تین افراد چانسلر کی طرف سے نامزد کئے جائیں گے؛
(v) ایک ڈین چانسلر کی طرف سے وائس چانسلر کی سفارش پر نامزد کیا جائے گا؛ اور
(vi) ڈائریکٹر فنانس جو اس کے سیکریٹری کے طور پر کام کرے گا۔
(۲) فنانس اور پلاننگ کمیٹی کے اجلاس کا کورم چار میمبرز پر مشتمل ہوگا؛
(۳) فنانس اور پلاننگ کمیٹی کے کام مندرجہ ذیل ہوں گے:
(i)سالانہ اکائونٹ اسٹیٹمنٹ پر غور کرنا اور سالانہ اور نظرثانی کئے گئے بجٹ پر غور کرنا اور بورڈ اس سلسلے میں صلاح مشورہ دینا؛
(ii) یونیورسٹی کی مالی حیثیت کا سلسلہ وار جائزہ لینا؛
(iii) بورڈ کی پلاننگ ڈیولپمنٹ ، فنانس انویسٹمنٹ اور یونیورسٹی کے اکاؤنٹس سے متعلقہ تمام معاملات پر صلاح مشورہ دینا؛
(iv) کم مدت اور زیادہ مدت والے ترقیاتی منصوبے تیار کرنا؛
(v) ریسورس ڈیولپمنٹ منصوبے تیار کرنا؛ اور
(vi) ایسے دوسرے کام سرانجام دینا، جو قانون میں بیان کئے گئے ہوں۔
۹۔ (۱) ایک الحاق دینے والی کمیٹی ہوگی جو مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوگی:
(i)وائس چانسلر، جو چیئرمین ہوگا؛
(ii) بورڈ کا ایک میمبر جو بورڈ کی طرف سے نامزد کیا جائے گا؛

(iii) دو پروفیسر اکیڈمک کاؤنسل کی طرف سے نامزد کئے جائیں گے؛

(۲) ایکس آفیشو میمبرز کے سوا کمیٹی کے میمبرز کی آفس کی مدت دو سال ہوگی؛

(۳) ایفیلشن کمیٹی ماہرین مقرر کرے گی، جو تین سے زیادہ نہ ہوں گے۔

(۴) ایفیلشن کمیٹی کے اجلاس یا جانچ پڑتال کا کورم تین میمبر ہوں گے۔

(۵) یونیورسٹی کا ایک عملدار وائس چانسلر کی طرف سے کمیٹی کا سکریٹری مقرر کیا جائے گا۔

۱۰۔ ڈسپلن کمیٹی مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوگی:

(i) وائس چانسلر یا اس کا نامزد کیا گیا؛

(ii) دو پروفیسرز اکیڈمک کاؤنسل کی طرف سے نامزد کیئے جائیں گے؛

(iii) ایک میمبر فاؤنڈیشن کی طرف سے نامزد کیا جائے گا؛ اور

(iv) شاگردوں کے معاملات کا ایک استاد یاآفیسر انچارج کسی بھی نام سے ہو جو میمبر سیکریٹری کے طور پر کام کرے گا۔

(۲)ایکس آفیشو میمبران کے علاوہ ڈسپلن کمیٹی کے میمبران کے آفیس کی مدت دو سال ہوگی؛

(۳)ڈسپلن کمیٹی کی میٹنگ کا کورم تین میمبر ہوگا۔

(۴)ڈسپلن کمیٹی کے کام مندرجہ ذیل ہوں گے:

(i)اکیڈمک کاؤنسل کو یونیورسٹی کے شاگردوں کے چال چلن، نظم و ضبط اور بداخلاقی کے کیسوں سے نمٹنے کے لیئے ضوابط تجویز کرنا؛ اور

(ii) ایسے دوسرے کام سرانجام دینا جو اس کو قوانین اور ضوابط کے تحت سونپے گئے ہوں۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**